دیکھو! تم لوگوں کے پاس ایک ایسا رسول آیا ہے جو خود تم ہی میں سے ہے، تمہارا نقصان میں پڑنا اس پر شاق ہے، تمہاری فلاح کا وہ حریص ہے، ایمان لانے والوں کے لیے وہ شفیق اور رحیم ہے۔———

اب اگر یہ لوگ تم سے منہ پھیرتے ہیں تو اے نبی ان سے کہہ دو کہ "میرے لیے اللہ بس کرتا ہے، کوئی معبود نہیں مگر وہ، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور وہ مالک ہے عرشِ عظیم کا"۔

جماعتِ اسلامی کا دوسرا کل ہند سالانہ اجتماع

تمام ارکان اور ہمدردان جماعت مطلع ہوں کہ جماعت اسلامی کا آئندہ کل ہند سالانہ اجتماع بمقام کانپور (یو۔ پی) آغاز اپریل سنہ ۱۹۴۶ء میں منعقد ہوگا۔ تاریخوں کا عنقریب فیصلہ کرکے مفصل اعلان معہ ہدایات رسالہ ہذا اور اخبار کوثر لاہور میں شائع کر دیا جائے گا۔

اس اجتماع میں تمام ارکان جماعت کی شرکت لازم ہوگی الّا یہ کہ کسی کو عذر شرعی مانع ہو۔ غیر ارکان جماعت جو ہمارے کام سے دلچسپی رکھتے ہوں، اس کو سمجھنے اور قریب سے دیکھنے کے خواہشمند ہوں یا کچھ شکوک و شبہات رکھتے ہوں وہ بھی تشریف لا سکتے ہیں بلکہ ہم ان سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ ضرور شریک اجتماع ہوں۔

اس اجتماع سے فارغ ہو کر امیر جماعت ایک وفد کے ساتھ جنوبی ہند کے دورہ کے لیے تشریف لے جائیں گے۔ تاکہ مدراس میں سالانہ اجتماع منعقد کرنے کے جو مقاصد پیش نظر تھے وہ بھی بطریقِ احسن پورے ہو سکیں۔

نوٹ: (۱) تمام جماعتوں اور ارکان کو چاہیے کہ اپنے تبلیغ و اشاعت کے کام کی رفتار کو تیز تر کر دیں اور یو۔پی کی جماعتیں اور ارکان بالخصوص سرگرمی سے کام لیں تاکہ اجتماع تک زیادہ سے زیادہ لوگوں تک ہماری آواز پہنچ جائے اور اس اجتماع سے یو۔پی کے لوگ خاطر خواہ استفادہ کر سکیں۔

(۲) مختلف جماعتیں اور منفرد ارکان انتظامی حیثیت سے اپنا جائزہ لے کر مرکز کو مطلع کریں کہ کون کون لوگ اجتماع کے انتظام کے لیے رضاکارانہ اپنی خدمات پیش کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں صرف انہی لوگوں کے نام آنے چاہئیں جو فی الواقع انتظامی صلاحیت یا تجربہ رکھتے ہوں اور اجتماع سے تین چار روز پہلے کانپور پہنچ سکیں اور دو تین دن بعد تک ٹھہر سکیں۔ ہر شخص کے ساتھ اس امر کی بھی تشریح درج کر دی جائے کہ وہ کس کام کے لیے موزوں ہوگا۔ کام مختلف نوعیتوں کے ہوں گے مثلاً:

(۱) مہمانوں کا استقبال کرنا اور ان کو متعین اقامت گاہوں پر پہنچانا۔ (۲) سامان کی باربرداری کا انتظام۔
(۳) کیمپوں کو نصب کرنا کرانا اور متعلقہ امور۔ (۴) روشنی کا انتظام۔ (۵) صفائی کا انتظام۔ (۶) کھانا پکوانا اور کھلانا (اس کام کے لیے زیادہ آدمیوں کی ضرورت ہوگی)

ممکن ہے کہ ایک دو آدمیوں کو اجتماع سے پندرہ بیس روز یا ایک ماہ پہلے یہاں مرکز میں بلانا پڑے۔

یہ اطلاعات ۱۵ر جنوری سنہ ۴۶ء تک آ جانی چاہئیں۔

خاکسار

طفیل محمد، قیم جماعت اسلامی، دار الاسلام

پٹھان کوٹ